ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(643)

02.12.23

**بہاول پور(     )آئی جی پنجاب اورڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے مجرمان اشتہاری ومفرور ملزمان کی گرفتاریوں کے احکامات، بہاولپور پولیس نے 2020 میں بیرون ملک فرار ہونے والے اشتہاری کو بذریعہ انٹر پول ملتان ائیر پورٹ سے گرفتار کرلیا۔شہریوں کی دادرسی اس صورت میں ہوسکتی ہے جب ہم ان کے جان و مال کا نقصان کرنے والے افراد کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹیں گے،ڈی پی اوسید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اورایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کی مفرور ملزمان کی گرفتاریوں کے حوالے جاری احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے بہاولپور سے بیرون ملک فرار ہونے والے مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاریوں اوران کے خلاف ضابطہ کی کارروائیاں کرنے کے احکامات جاری کئے،جس کے نتیجہ میں بہاولپور پولیس نے 2020 میں ملک سے فرار ہونے والے مجرم اشتہاری محبوب احمد ولدخادم حسین جوکہ مقدمہ نمبر 29/20 بجرم 302/109/148/149 ت پ (قتل) میں تھانہ ڈیراور پولیس کومطلوب تھا،کو بذریعہ انٹر پول ریڈوارنٹ جاری کروا کر بیرون ملک سے واپسی پر ملتان ائیر پورٹ سے گرفتار کرکے بہاولپور لایا گیا ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ مجرم جتنا بھی ہوشیار کیوں نہ ہوقانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا۔شہریوں کی دادرسی اس صورت میں ہوسکتی ہے جب ہم ان کے جان و مال کا نقصان کرنے والوں کو آہنی ہاتھوں سے نمٹیں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں مزید ایسی کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گااورمفرور ملزمان کوگرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، بہاولپور پولیس نے 2020 میں بیرون ملک فرار ہونے والے اشتہاری کو بذریعہ انٹر پول ملتان ائیر پورٹ سے گرفتار کرلیا

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(644)

مورخہ 02.12.2023

**بہاول پور(              )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،تھانہ سٹی حاصلپور پولیس کی کامیاب کارروائی۔چوری وڈکیتی کی مختلف وارداتوں میں ملوث غضری گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار،لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ موٹرسائیکل اور نقدرقم برآمد۔شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اور جرائم پر قابو پانا ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی "عوام خدمت پالیسی" کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور سید محمد عباس کی قیادت اور کامیاب پولیسنگ کے تحت نتائج آنے کا سلسلہ جاری ہے، تھانہ سٹی حاصلپور پولیس کی کامیاب کارروائی۔ایس ڈی پی او سرکل حاصل پور جام محمد سلیم کی سرپرستی میں ایس ایچ او تھانہ سٹی حاصل پور عامر لعل اور ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی کا سہارا لیتے ہوئے شب وروز کی محنت کے بعد چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث غضری گینگ کا سرغنہ عمران غضری کو ساتھی سمیت گرفتار کرلیا۔ملزمان نے دوران انٹروگیشن سٹی حاصلپور کے علاوہ دیگر اضلاع میں بھی چوری کے متعدد مقدمات میں ملوث ہونے کا اعتراف کیا۔ ملزمان کی نشاندہی پر لاکھوں روپے مالیتی 11عدد چوری شدہ موٹر سائیکلز اور مبلغ-/1,20,000روپے نقدرقم برآمد کرلی۔مال مسروقہ کو قانونی طریقہ کار کے بعد اصل مالکان کے حوالے کیا جائے گا۔اس حوالے سے ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ بہاول پور پولیس شہریوں کی حفاظت کے لیے دن رات محنت کر رہی ہے،اگر کوئی جرم سرزد ہوتا ہے تو اس کو ٹریس کرنا اور شہریوں کا لوٹا ہوا مال برآمد کرنا پولیس کے لیے ایک اہم ٹاسک ہوتا ہے۔جرائم پیشہ افراد کو ہر صورت کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس کامیاب کارروائی پر ایس ایچ او سٹی حاصل پور اور ان کی ٹیم کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس



**تھانہ سٹی حاصلپور پولیس کی کامیاب کارروائی۔چوری وڈکیتی کی مختلف وارداتوں میں ملوث غضری گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار،لاکھوں روپے مالیتی چوری وڈکیتی شدہ موٹر سائیکل،نقدرقم واسلحہ ناجائز برآمد**